مسند افتاء پر جلوہ افروز ہونے کے ساتھ ساتھ فقہی موشگافیوں اور علمی اسرار ورموز کی وجہ سے مرجع عام و خاص تھے۔ ''نجم الفتاویٰ'' آپ کے علمی اور فقہی شاہکار ہیں۔ ''فتاوی حقانیہ'' کے عظیم مجموعے پر بھی آپ نے خصوصی نظرثانی فرمائی تھی، دارالعلوم حقانیہ حضرت مولانا عبدالحقؒ اور ماہنامہ ''الحق'' کے ساتھ خصوصی انس رہا۔ اس کے علاوہ حضرت قاضی صاحب مرحوم اور ان کے برادرم مکرم حضرت مولانا قاضی عبداللطیفؒ مختلف دینی اور سیاسی تحریکات میں والد ماجد مولانا سمیع الحق صاحب کے ساتھ شانہ بشانہ رہے۔ آپ نے اپنے فرزندوں اور خاندان کے تمام نوجوانوں کو دارالعلوم حقانیہ تعلیم و تربیت کے لئے بھیجا، آپ کے بڑے فرزند مولانا قاضی عبدالحلیمؒ بھی ایک بہت بڑی علمی اور ادبی شخصیت کے مالک تھے۔ (آج اُن کی یاد بھی مسلسل دل و دماغ پر چھائی ہوئی ہے۔) اور موجودہ جانشین حضرت مولانا قاضی محمد نسیم اپنے عظیم علمی خاندان کی تمام روایتوں کے امین اور متعدد صلاحیتوں کی حامل شخصیت ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں اور ان کے تمام خاندان کے افراد کو اس عظیم سانحہ پر صبر کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور حضرت مرحوم کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے۔ امین۔

عظیم مجاہد جنرل حمید گل صاحبؒ

معروف جہادی شخصیت، سابق ڈی جی آئی ایس آئی اور ڈی جی ملٹری ایجنسی جناب جنرل حمید گل صاحب اچانک انتقال فرماگئے۔ مرحوم پاکستان کے غیرت مند جرنیل، مجاہد اور غمخوار تھے۔ ہر فورم پر پاکستان کے خلاف ہونے والی ہر سازش کو بے نقاب کرتے۔ مغرب زدہ اور لبرل طبقے کی آنکھوں میں کھٹکتے رہتے مگر تادم وفات اپنے موقف پر ڈٹے رہے اور اپنی حقانیت پر آنچ نہ آنے دی۔ فوج کے اہم مناصب پر عظیم کردار ادا کیا۔ ان کے زبان و قلم کا ہر ہر لفظ ملی احساسات اور غیرت ایمانی کا غماز ہوتا تھا۔ ریٹائرمنٹ کے بعد ہر محاذ پر استقامت سے ملت اور پاکستان کی ترجمانی کرتے ہیں۔ والد ماجد کے قائم کردہ ''پاک افغان ڈیفنس کونسل'' اور بعد میں ''دفاع پاکستان کونسل'' میں بھرپور اور قائدانہ کردار ادا کیا اور طالبان افغانستان کی بڑی جرأت سے وکالت کی۔ والد ماجد مدظلہ کے ہمراہ راقم نے بھی جنازے میں شرکت کی اور آپؒ کو فوجی اعزازات کے ساتھ راولپنڈی میں سپرد خاک کیا گیا۔ جنازہ میں تمام مذہبی و سیاسی قائدین کے علاوہ فوجی جرنیلوں اور چیف آف آرمی سٹاف جنرل راحیل شریف نے بھی شرکت کی۔

جناب سردار عبدالقیوم خانؒ

جہاد کشمیر کے بانی مجاہد اول جناب سردار عبدالقیوم خان ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ہم سے بچھڑ گئے، مرحوم مسلم کانفرنس کشمیر کے بانی، ریاست کشمیر کے صدر اور وزیر اعظم جیسے اہم عہدوں پر فائز رہے، مرحوم